https://allonlineislam.com/

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ ﴿1﴾

یہ (کافر) لوگ کس چیز کے بارے میں سوالات کر رہے ہیں؟

عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ ﴿2﴾

اس زبردست واقعے کے بارے میں

الَّذِي هُمْ فِيهِ مُخْتَلِفُونَ ﴿3﴾

جس میں خود ان کی باتیں مختلف ہیں۔

كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ﴿4﴾

خبردار! انھیں بہت جلد پتہ لگ جائے گا۔

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ﴿5﴾

دوبارہ خبردار! انھیں بہت جل پتہ لگ جائے گا۔

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَادًا ﴿6﴾

کیا ہم نے زمین کو ایک بچھونا نہیں بنایا؟

وَالْجِبَالَ أَوْتَادًا ﴿7﴾

اور پہاڑوں کو (زمین میں گڑی ہوئی) میخیں؟

وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ﴿8﴾

اور تمہیں (مرد و عورت کے) جوڑوں کی شکل میں ہم نے پیدا کیا۔

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ﴿9﴾

اور تمہاری نیند کو تھکن دور کرنے کا ذریعہ ہم نے بنایا۔

وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا ﴿10﴾

اور رات کو پردے کا سبب ہم نے بنایا۔

وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿11﴾

اور دن کو روزی حاصل کرنے کا وقت ہم نے قرار دیا۔

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿12﴾

اور ہم نے ہی تمہارے اوپر سات مضبوط وجود (آسمان) تعمیر کیے۔

وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَهَّاجًا ﴿13﴾

اور ہم نے ہی ایک دہکتا ہوا چراغ (سورج) پیدا کیا۔

وَأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا ﴿14﴾

اور ہم نے ہی بھرے ہوئے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایا۔

لِنُخْرِجَ بِهِ حَبًّا وَنَبَاتًا ﴿15﴾

تاکہ اس سے غلہ اور دوسری سبزیاں بھی اگائیں۔

وَجَنَّاتٍ أَلْفَافًا ﴿16﴾

اور گھنے باغات بھی۔

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتًا ﴿17﴾

یقین جانو فیصلے کا دن ایک متعین وقت ہے۔

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ﴿18﴾

وہ دن جب صور پھونکا جائے گا تو تم سب فوج در فوج چلے آؤ گے۔

وَفُتِحَتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا ﴿19﴾

اور آسمان کھول دیا جائے گا تو اس کے دروازے ہی دروازے بن جائیں گے۔

وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿20﴾

اور پہاڑوں کو چلایا جائے گا تو وہ ریت کے سراب کی شکل اختیار کر لیں گے۔

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿21﴾

یقین جانو جہنم گھات لگائے بیٹھی ہے۔

لِلطَّاغِينَ مَآبًا ﴿22﴾

وہ سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔

لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا ﴿23﴾

جس میں وہ مدتوں اس طرح رہیں گے۔ (۲)

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا ﴿24﴾

کہ اس میں نہ وہ کسی ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے، اور نہ کسی پینے کے قابل چیز کا ہے۔

إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ﴿25﴾

سوائے گرم پانی اور پیپ لہو کے۔

جَزَاءً وِفَاقًا ﴿26﴾

یہ پورا پورا بدلہ ہے

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ﴿27﴾

وہ کسی حساب کی توقع نہ رکھتے تھے

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا ﴿28﴾

اور انھوں نے ہماری آیتوں کو بڑھ چڑھ کر جھٹلایا تھا۔

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ﴿29﴾

اور ہم نے ہر ہر چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہے۔

فَذُوقُوا فَلَنْ نَزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ﴿30﴾

اب مزہ چکھو کہ ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿31﴾

بیشک پرہیزگاروں کے لیے کامیابی ہے

حَدَائِقَ وَأَعْنَابًا ﴿32﴾

یعنی باغ ہیں اور انگور

وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ﴿33﴾

اور نوجوان ہم عمر عورتیں ہیں

وَكَأْسًا دِهَاقًا ﴿34﴾

اور چھلکتے ہوئے جام ہیں

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّابًا ﴿35﴾

وہاں یہ لوگ کوئی لغو اور جھوٹی بات نہیں سنیں گے

جَزَاءً مِنْ رَبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا ﴿36﴾

یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سلہ ہوگا۔ (اللہ کی) ایسی دین ہوگی جو لوگوں کے اعمال کے حساب سے دی جائے گی۔

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمَٰنِ ۖ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿37﴾

اسی پروردگار کی طرف سے جو سارے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان ہر چیز کا مالک، بہت مہربان ہے ! کسی کی مجال نہیں ہے کہ اس کے سامنے بول سکے۔

يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلَائِكَةُ صَفًّا ۖ لَا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿38﴾

جس دن ساری روحیں اور فرشتے قطاریں بنا کر کھڑے ہوں گے، اس دن سوائے اس کے کوئی نہیں بول سکے گا۔ جسے خدائے رحمٰن نے اجازت دی ہو، اور وہ بات بھی ٹھیک کہے۔

ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۖ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ مَآبًا ﴿39﴾

وہ دن ہے جو برحق ہے۔ اب جو چاہے وہ اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانا بنا رکھے۔

إِنَّا أَنْذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا ﴿40﴾

حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تمہیں ایک ایسے عذاب سے خبردار کر دیا ہے جو قریب آنے والا ہے جس دن ہر شخص وہ اعمال آنکھوں سے دیکھ لے گا جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیج رکھے ہیں، اور کافر یہ کہے گا کہ کاش ! میں مٹی ہو جاتا۔